حلال/حرام ریسرچ ۱۴۴۲ھ/۲۰۲۰-۲۱ء

دینِ محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم تسلیماً کثیراً کثیراً بعدِ دِالف الف مرّہ، اسلام میں حلال کی بہت تاکید کی گئی ہے۔حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی حدیث مبارکہ کامفہوم ہے:"وہ جسم جنت میں داخل نہیں ہوسکتا جس نے حرام غذا سے پرورش پائی۔" اسی طرح ایک دوسری حدیث پاک کامفہوم ہے۔"جس نے حرام کاایک لقمہ بھی کھالیا 40 دن تک اس کی کوئی عبادت اور دعا قبول نہیں ہوگی۔"

موجودہ دور میں حلال کے بہت سے مسائل ہیں۔حرام کوفروغ دینے میں سب سے بڑا عمل دخل کفار کی بنائی گئی تصدیقاتی ایجنسیوں کا ہے۔ انہوں نے اس کام کوبطورِ پیشہ شروع کیا ہوا ہے۔سرٹیفکیشن کا یہ بزنس تقریباً 3-2 بلین ڈالر پر مشتمل ہے۔اس لیے مستند مسلمان حلال تصدیقاتی اداروں کی تصدیق شدہ اشیاء کواستعمال کریں۔امریکہ کی پولٹری انڈسٹری میں کام کرنے والے نے ایک انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ عراق کی جنگ میں امریکہ نے 10 پولٹری فارمز کو پیسے دے کر حرام گوشت بھجوایا اور اس کے اوپر حلال اور اسلامی طریقے سے ذبح ہونے کا لیبل لگایا گیا۔آج بھی سعودی عرب، ملائیشیا، پاکستان اور مشرقِ وسطیٰ میں غیر مسلم ممالک سے حرام اشیاء درآمد کی جارہی ہے۔پاکستان میں %90 خام مال (غذائی ذائقے، رنگ اور preservative وغیرہ) درآمد (امپورٹ) کیاجاتا ہے۔5-سٹار ہوٹلوں اور بین الاقوامی فوڈ چینز میں گوشت بھی امپورٹ کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ بنی بنائی چیزیں (ٹافیاں، جام مربے، چٹنیاں اور cheese وغیرہ) بھی بیرونِ ملک سے منگوائی جاتی ہیں۔ضرورت اس امر کی ہے کہ اس دورِ فتن میں ہر مسلمان اپنے ایمان کا احساس کرتے ہوئے حلال کھائے، حلال پیئے، حلال پہنے اور حلال طرزِ زندگی اختیار کرے۔حلال/حرام کے بارے میں آپ کو آگاہ کرنے کیلئے یہ طویل تحریر تیار کی گئی ہے۔گزارش ہے کہ طمانیت سے بھرپور لمحات میں اس تحریر کا بغور مطالعہ فرمائیں۔

مشبوہ اشیاء سے بچیں!!!

وہ چیزیں جن کے اجزائے ترکیبی کے اصل ذرائع کا پتہ نہ ہو انہیں مشبوہ کہتے ہیں۔مشبوہ اشیاء کے ذرائع پودوں یا جانوروں دونوں میں سے ہوسکتے ہیں اور شراب کا پوشیدہ استعمال بھی ہوسکتا ہے کیونکہ امریکی غذائی ادارے FDA کی جانب سے کمپنیوں کو %2 پوشیدہ اجزاء استعمال کرنے کی اجازت ہے۔شریعتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق مسلمان مشبہات (مشکوک چیزوں) سے دور رہیں۔مشبوہ اجزاء اور ان کے ای-کوڈز کی فہرست مندرجہ ذیل ہے (صفحہ   دیکھیں) اسے پرنٹ کرکے اپنے پاس رکھ لیں۔یہ اجزاء جس پروڈکٹ میں نظر آئیں اس کی مکمل تحقیق کریں اگر حلال ذرائع سے حاصل شدہ ہیں تو استعمال کریں ورنہ رد کردیں۔

ای کوڈز

یورپی قوانین کے مطابق غذائی اجزاء کوکوڈز دیے گئے ہیں جنہیں e- codes کہاجاتا ہے۔تمام حلال/حرام اور مشبوہ ای کوڈز کے

بارے میں مکمل معلومات حاصل کرنے کے لئے اپنے سمارٹ فون میں "App Scan Halal" نامی ایپ انسٹال کریں۔ یہ ایپ مارکیٹ میں موجود دوسری ایپس سے نسبتاً بہتر ہے۔ اس میں کسی بھی پروڈکٹ کے اجزائے ترکیبی کی آن لائن سکیننگ کی سہولت بھی موجود ہے۔

Download App!! https://play.google.com/store/apps/details?id=softbrigh.muslim.halal.haram.mushbooh

Scan QR Code to get App

حرام سے بچیں اور بچائیں!!!

حرام عربی میں ممنوعہ کو کہتے ہیں۔ عام طور پر استعمال ہونے والی حرام مصنوعات میں خنزیر، غیر اسلامی طریقے سے ذبح شدہ مردار جانور، مرغیاں اوران سے اخذ کردہ اجزاء(Ham, Bacon, Animal Shortening, Pepsin, Lipase, Lard, Lactylate, Mono and -Broth, Tallow, Gelatin, Rennet, Sodium Stearoyl glycerides-Di)، ایسی اشیاء جن میں خون شامل ہو مثلاً Blood Pudding، نشہ آور اشیاء (شراب، الکحل، وائن، بیئر، سپرٹ، alcoholic beverages-gin, rum, non؛ یہ non- alcoholic صرف نام کا دھوکہ ہے)، چینی میں حرام جانوروں سے حاصل کیا گیا Charcoal، حرام جیلاٹین، ہر قسم کا ونیلا کیونکہ اس میں 35٪ الکحل شامل کرنا لازمی ہے اگر نہ شامل کیا جائے تو FDA کے قوانین کے مطابق یہ ونیلا ہی نہیں (سوائے پاؤڈر ونیلا کے)، حرام ذرائع سے حاصل کیا گیا Whey، بیکری کی اشیاء اور آٹے میں انسانی بالوں اور حرام پروں سے بنایا گیا حرام کیمیکل L-Cysteine، کارمائن E-120 نامی کیڑے سے حاصل شدہ رنگ، مردار مرغیوں سے حاصل شدہ فلیور، حرام غذائی رنگ اور ذائقے، پنیر بنانے کیلیے حرام جانور سے حاصل شدہ Rennet، نجس و ناپاک انڈے، ایسے جانور یا مرغی کا گوشت جسے ذبح کرتے ہی گرم پانی میں ڈال دیا جائے اور کیڑے شامل ہیں مندرجہ بالا اشیاء، ان سے اخذ کردہ تمام اجزاء اور ہر وہ چیز جو حرام اشیاء سے آلودہ ہو جائے، کو استعمال کرنا حرام ہے۔

خالص ریشمی کپڑے اور سونے کو شریعت نے مردوں کے لئے ممنوع قرار دیا ہے البتہ عورتوں کے لئے اس کی اجازت ہے۔ " کرنڈی"

نامی کپڑا، جسے مرد استعمال کرتے ہیں، کے بارے میں ایک ویب بلاگ (urduvb. com) میں کہا گیا ہے کہ کرنڈی خالص ریشم ہے۔ ٹیکسٹائل ایکسپرٹ کے مطابق" کرنڈی ریشم ہے۔ جب ریشمی کیڑا ریشم پیدا کرتا ہے تو، اس میں سے نرم اور نازک دھاگے تیار ہوجاتے ہیں۔ اور جب ان میں سختی پیدا ہوتی ہے تو ان پر کچھ کیمیکل ڈالا جاتا ہے اور مزید دھاگے تیار کیے جاتے ہیں جنھیں کرنڈی کہا جاتا ہے۔" اگر یہ تحقیق درست ہے تو اس کپڑے کو استعمال کرنا بالغ اور نابالغ مردوں کیلئے جائز نہیں۔ مزید برآں ہم مردوں کی نمازیں بھی اس میں مکروہ ہوں گی۔ قصہ مختصر، ٹیکسٹائل کے ماہرین ہی یہ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ کرنڈی ریشم ہے یا نہیں۔

اس کے علاوہ غیبت، بہتان، جھوٹ، سود، جوا، بدکاری، فحاشی، بدنظری، والدین کی نافرمانی اور بدگمانی بھی حرام اور جہنم میں لے جانے والے کام ہیں۔

حرام اجزاء کی تفصیل

1۔ جانوروں سے اخذ کردہ اجزاء: گوشت، چربی، ہڈی، جلد/کھال، خون، دودھ اور اس کے مشتقات یعنی دہی، پنیر، مکھن اور گھی وغیرہ؛ بال/Bristles؛ کولیجن؛ جیلاٹین؛ فیٹی ایسڈ؛ امینو ایسڈ؛ ہارمونز؛ خامرے/ Enzymes یعنی Pepsin اور Rennin؛ Placenta؛ Taurine؛ Glycerol؛ جانوروں سے ماخوذ وٹامنز یعنی A، B/ B5/ B6، E12/ E اور D؛ Activated Carbon/ Charcoal؛ Lipase؛ Tallow جمی ہوئی چربی؛ Rennet؛ Animal Shortening؛ Broth؛ Sodium Stearoyl-Lactylate؛ اور Mono and Di- glycerides وغیرہ۔ یہ اجزاء اگر خنزیر اور مردار جانور سے حاصل کرکے کسی پروڈکٹ میں شامل کیے جائیں تو وہ پروڈکٹ حرام ہوگی۔

i. مندرجہ ذیل اجزاء خنزیر اور مردار جانوروں کی چربی سے اخذ کیے جاسکتے ہیں اس لیے مکمل تحقیق کے بعد استعمال کریں:

Calcium Stearate, , DATEM, Mono & diglycerides, Ethoxylated Mono and Diglycerides, Glycerin, Glycerol Ester , Glycerol Monostearate, Hydroxylated Lecithin, Lard, Margarine, Polyglycerol Esters of Fatty Acids, Polyoxythylene Sorbitan Monostearate, Polysorbate 60, 65 & 80, Propylene Glycol , Monostearate, Sodium Lauryl Sulfate (if Lauricacid obtained from pig fat) Calcium&SodiumStearoyl Lactylate,Softener,Sorbitan Monostearate

o مونو اور ڈائی-گلیسرائڈز: یہ چربی سے بنائے گئے ایملسیفائر/ emulsifiers ہیں۔ خنزیر اور مردار جانوروں کی چربی سے بنے ہوئے مونو اور ڈائی-گلیسرائڈز حرام ہیں۔

ii. جیلاٹین جیلی/جیل-اومیٹھی اشیاء، مارش میلوز، گم، مٹھائیوں، کیپسول، کچھ دوائیوں اور سپلیمنٹس (خصوصاً Cod Liver Oil/تیل) میں کیپسول کے حصے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔90% سے زیادہ جیلاٹین حرام ہے۔صرف مچھلی اور اسلامی طریقے سے ذبح کیے جانے والے حلال جانوروں کی ہڈیوں اور کھالوں سے تیار کردہ حلال مصدقہ جیلاٹین حلال ہے۔

2۔ پودے: نشہ آور پودوں کے علاوہ تمام پودے اس وقت تک حلال ہیں جب تک ان میں کوئی حرام چیز نہ شامل کی جائے۔مثلاً گندم کے آٹے میں حرام ذرائع سے حاصل شدہ وٹامنز، فولک ایسڈ، اولیورسن، املسیفائیرز جیسے پولی سوربیٹ، phospholipase سے تیارکردہ سویا لیچیتھین، جانوروں کے Enzymes سے تیارکردہ (HVP) Hydrolyzed Vegetable Protein اور حرام Cysteine - L/ Cystein شامل کیا جاسکتا ہے۔اس کے علاوہ اناج اور پودوں سے حاصل کیے گئے بیٹا-کیروٹین اور پھلوں کے جوس میں حرام ذرائع سے حاصل کیے گئے جیلاٹین کو استعمال کیا جاتا ہے۔سویابین سے بنائی گئی دہی کی طرح ایک ڈش Tofu میں حرام enzymes استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

3۔شراب اور الکحل سے اخذ کردہ اجزاء اور اشیاء: Ethyl Alcohol، الکحل کو دوائیوں، ماؤتھ واش، ٹوتھ پیسٹ، کھانے کے ذائقوں، رنگوں اور مصالحوں میں ڈالا جاتا ہے؛ بیئر، rum، gin اور sherry شرابیں۔سپرٹ، Hard Fermented & Cider/الکحل سے آلودہ سیب کا مشروب، خمیر کی ایک قسم ٹورولا، ونیلا، سویا ساس/ naturally brewed soy sauce (کیونکہ سویا ساس میں 3-2٪ الکحل شامل کیا جاتا ہے)، شراب سے کشید کیا گیا سرکہ/ Coq au vin، Ale Beef & Pie، Mince Pies، Balsamic vinegar اور Teriyaki Sauce (یہ ڈشیں شراب/الکحل کی ملاوٹ سے تیار کی جاتی ہیں)، Kefir اور Koumiss (دودھ میں الکحل ڈال کر یہ مشروب بنائے جاتے ہیں)، non- alcoholic beverages (یہ مشروبات الکحل سے مخصوص طریقے سے نکالے جاتے ہیں لیکن پھر بھی ان میں شراب کے کچھ قطرے رہ جاتے ہیں، شراب کا ایک ایک قطرہ حرام ہے اس لئے یہ non- alcoholic مشروبات بھی حرام ہیں)، الکحل کی دوسری زہریلی اقسام مثلاً stearyl وغیرہ روزمرہ کی اشیاء میں شامل کی جاتی ہیں۔

4۔انسانی بالوں سے بنایا گیا حرام جزو Cysteine/ L- cysteine ہے۔یہ مردار مرغیوں اور بطخوں کے پروں سے بھی بنایا جاتا ہے۔اس کیمیکل کو بطورِ dough conditioner آٹے اور بیکری کی اشیاء مثلاً پیزا، ڈبل روٹی اور خمیر وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔انڈونیشیا کی مجلسِ علماء کے مطابق حلال مصنوعی مادے سے تیار کردہ L - Cysteine حلال ہے جبکہ انسانی بالوں اور دیگر حرام ذرائع سے تیار کردہ ایل-سائسٹین حرام ہے۔

متفرق:

۱۔ خنزیر اور مردار جانوروں سے اخذ شدہ اجزاء کو کیمیکلز اور مصنوعی اجزاء سے بنے ہوئے مرکبات مثلاً مصنوعی ذائقوں، رنگوں اور BHA /BHT وغیرہ میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

۲۔ غذائی رنگ FD&Cred No. 40or FD&Cyellow No. 5 کیمیائی رنگ ہیں یہ پاؤڈر کی شکل میں حلال ہیں لیکن مائع/ liquid کی شکل میں محلول کی تفتیش کریں کہ وہ حلال ہو کیونکہ خنزیر اور مردار جانوروں سے اخذ کردہ تیل یا گلیسرین اور شراب/ الکحل وغیرہ کو ان رنگوں میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ ہمیشہ حلال مصدقہ/ certifiedغذائی رنگ اور ذائقے استعمال کریں۔

۳۔ کارمائین(120-E/C.I. 75470)جسے carminic acid / cochineal بھی کہاجاتا ہے یہ سرخ رنگ کا روغن ہے۔ یہ عام طور پر سرخ رنگ کی کھانے کی اشیاء (جام، بسکٹ، جوس وغیرہ) میں پایا جاتا ہے۔ سرخ لپ اسٹکس اور کاسمیٹکس میں بھی پایا جاتا ہے۔ یہ رنگ بہت سے کیڑوں کو کچل کر حاصل کیا جاتا ہے۔ یہ رنگ قطعی حرام ہے کیونکہ پیغمبر اسلام ﷺ کی شریعت کے مطابق ٹڈیوں کے علاوہ کوئی کیڑا حلال نہیں ہے۔

۴۔ پنیر اور اس کی مختلف اقسام خصوصاً Cheddarوغیرہ کی تیاری میں رینٹ/ rennet استعمال ہوتا ہے جو جانوروں کے پیٹ سے نکالا جاتا ہے جبکہ whey کو زیادہ تر آئسکریم وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ شریعت کے مطابق rennetاسلامی طریقے سے ذبح کیے گئے حلال جانور سے حاصل شدہ اور پاک ہونا چاہیے۔ آج کل غیر مسلم ممالک میں خنزیر اور مردار جانور سے حاصل شدہ rennet کو پنیر کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے جو کہ حرام ہے۔ اس لیے پنیر اور اس کے مائع حصے wheyمیںrennet، بیکٹیریا، lipase enzyme، رنگ اور ذائقے حلال ہونے چاہیئے۔

۵۔ سور سے اخذ کردہ اجزاء بالخصوص چربی اور جیلاٹین کو مندرجہ ذیل ڈیری کی مصنوعات میں شامل کیا جاسکتا ہے: Butter fat , Rennet Casein, (CalciumSodium &)Lipolyzed, Buttermilk Solids, Caseinates Cheese Powder, Cultured Cream Lipolyzed, Cultured Milk, Lactose, Sour Cream Solids, Reduced Mineral Whey, Rennet, Whey, Whey Protein

پاکستان کے سٹوروں میں ایک مشہور بین الاقوامی کمپنی Optimum Nutrition (ON) کے Whey Concentrate. Protein کے سپلیمنٹس وغیرہ فروخت ہوتے ہیں جو کہ حلال نہیں ہیں کیونکہ اس کمپنی کے پروڈکشن ایریا میں خنزیر استعمال ہوتا ہے۔

۶۔ بچوں کے دودھ کے فارمولوں میں نیوکلیوٹائڈز/**Nucleotides in Baby's Milk formula**: نیوکلیوٹائڈز نوزائیدہ بچوں کے دودھ کے فارمولوں میں استعمال ہوتے ہیں۔اس میں شراب پر مشتمل ٹورولا اور بریور خمیر شامل کیا جاتا ہے، نیوکلیوٹائڈز بنانے والے خصوصاً Similac and Enfamil برانڈز یہ دھندہ کر رہے ہیں۔MCG کے مطابق نیوکلیوٹائڈ مشبوہ جزو ہے۔

۷۔ خمیر/**Yeast**: خمیر کی اقسام میں Wine / Alcohol خمیر اور بریور/ Brewer خمیر حرام ہیں (سوائے بیکر خمیر کے)۔ بریور کا خمیر بیئر نامی شراب سے حاصل کیا جاتا ہے۔جبکہ ٹورولا خمیر سلفائٹ،شراب اور گنے سے بنایا جاتا ہے۔شراب/ الکحل سے بنایا گیا ٹورولا خمیر حرام ہے۔خمیر کے نچوڑ/ Yeast Extract کی حیثیت مشبوہ ہے یہ پاؤڈر کی صورت میں دستیاب ہے۔اسے بیئر شراب سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

۸۔ سرکہ/**Vinegar**: شراب سے بنایا گیا سرکہ اور balsamic vinegar حرام ہیں۔مارکیٹ میں دستیاب سفید سرکہ دو قسم کا ہے۔ایک میں acetic acid ہوتا ہے جبکہ دوسری قسم کے سرکے میں سفید شراب شامل کی جاتی ہے۔ White Wine والا سرکہ حرام ہے۔اس کے علاوہ قدرتی طور پر پھلوں سے کشید کیا گیا سرکہ اگر تیاری کی مدت یعنی 90 دن سے پہلے حاصل کیا گیا ہو تو اس میں بھی الکحل کی ملاوٹ ہوسکتی ہے۔

۹۔ وٹامن سے بھرپور دودھ: دودھ میں مختلف قسم کے وٹامنز شامل کیے جاتے ہیں یعنی وٹامن اے، وٹامن ڈی 3 اور پولی-سوربیٹ 80 وغیرہ۔یہ اجزاء اگر خنزیر یا مردار جانوروں سے حاصل کیے گئے ہوں تو حرام ہیں۔پولی سوربیٹ/ 80- Polysorbate دودھ میں دیگر وٹامنز کے ساتھ بطور ایملیسیفائر شامل کیا جاتا ہے۔ خنزیر اور مردار جانوروں کی چربی سے بنایا گیا پولی سوربیٹ ایملسیفائر حرام ہے۔

۱۰۔ ونیلا/**Vanilla**: ونیلا ایکسٹریکٹ بطور ذائقہ استعمال ہوتا ہے۔اس میں کم از کم 35٪ ایتھائل الکحل شامل کیا جاتا ہے ورنہ یہ امریکی غذائی ادارے FDA کے مطابق ونیلا ایکسٹریکٹ ہی نہیں۔اس کے علاوہ اگر ونیلا میں بیئر نامی شراب سے حاصل شدہ بریور کا خمیر استعمال کیا گیا ہو تو یہ حرام ہے کیونکہ بیئر خمیر کے خلیوں میں گھس جاتا ہے اور اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوسکتی۔ ونیلا کے نچوڑ/ Vanilla Extract اور ہر قسم کے ونیلا کے ذائقے (اس میں شراب/ الکحل شامل کی جاتی ہے) جبکہ قدرتی اور مصنوعی

ونیلا-ونیلن پاؤڈر کی حیثیت مشبوہ ہے (ونیلن میں شراب شامل کی جاسکتی ہے)۔ ونیلا زیادہ تر آئسکریم وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ پاؤڈر ونیلا میں بھی الکحل کے استعمال کی تفتیش کیا کریں۔ ہمیشہ الکحل سے پاک مصنوعات استعمال کریں۔

حرام کاسمیٹکس اجزاء

کاسمیٹکس میں حرام اجزاء انسانی جسم کے اعضاء، خون، حرام جانوروں، کیڑوں اور نقصان دہ کیمیکلز سے حاصل کئیے جاتے ہیں۔ ذیل میں کاسمیٹکس میں استعمال ہونے والے پانچ اجزاء کو زیر بحث لایا گیا ہے:

۱۔ کارمائین (120-E/C.I. 75470) جسے **carminic acid / cochineal** بھی کہاجاتا ہے یہ سرخ رنگ کا روغن ہے۔ یہ عام طور پر سرخ لپ اسٹکس، کاسمیٹکس اور یہاں تک کہ سرخ رنگ کی کھانے کی اشیاء میں پایا جاتا ہے۔ یہ رنگ بہت سے کیڑوں کو کچل کر حاصل کیا جاتا ہے۔ یہ رنگ قطعی حرام ہے کیونکہ پیغمبر اسلام ﷺ کی شریعت کے مطابق ٹڈیوں کے علاوہ کوئی کیڑا حلال نہیں ہے۔ لپ اسٹکس میں یہ رنگ بالکل استعمال نہ کریں۔ تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ خواتین اپنی لپ اسٹک کا کافی حصہ کھا جاتی ہیں اس لئے ہمیں اپنے ہونٹوں پر ایسی چیز نہیں لگانی ہوگی جو حرام ہو۔

۲۔ اسٹیرک ایسڈ: **stearic acid** چربی سے حاصل شدہ ایسڈ (تیزاب) ہے جو متعدد کاسمیٹکس کی مصنوعات میں بطورِ **emulsifier**، گاڑھے پن کیلیے، سختی پیدا کرنے کیلیے اور خوشبو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ بنیادی طور پر جانوروں کے ذرائع سے اور کبھی کبھی پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اسٹیرک ایسڈ کو اگر خنزیر یا مردار جانور سے حاصل کیا جائے تو یہ حرام ہے۔

۳۔ کولیجن: **collagen** انسانوں اور جانوروں میں پایا جانے والا پروٹین ہے۔ آج کل کولیجن سپلیمنٹس کی شکل میں دستیاب ہے اور کاسمیٹکس میں استعمال ہو رہا ہے۔ کولیجن عام طور پر جانوروں سے اخذ کیا جاتا ہے لیکن یہ پودوں سے بھی حاصل کیا جاسکتا ہے.
کاسمیٹکس میں حلال کولیجن کا ہونا ضروری ہے۔ تاہم، کاسمیٹکس کی زیادہ تر مصنوعات غیر مسلم تیار کرتے ہیں اور ان کے جانور حلال طریقے سے ذبح نہیں کیے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ خنزیر سے حاصل شدہ کولیجن بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ لہذا، پوری احتیاط کرنی چاہئے۔

۴۔ ایتھنول: **ethanol** اور اس سے اخذ کردہ اجزاء- ایتھیل الکحل، ایتھیلین، اور میتھلیٹیڈ سپرٹس کاسمیٹکس جیسے شیمپو، خوشبو، لوشن، اور کریموں میں بہت زیادہ اور عام استعمال ہونے والے اجزاء ہیں۔ عموم بلوہ اور دیگر وجوہات یعنی اشد ضرورت اور متبادل نہ ہونے کی صورت میں فقہاء ادویات میں خمر کے علاوہ معمولی ترین مقدار میں الکحل کی اجازت دیتے ہیں اب جبکہ الکحل سے پاک اور حلال

مصنوعات دستیاب ہیں تو ہمیں اپنا ایمان داؤ پر نہیں لگانا چاہیے۔

۵۔ گلیسرین: **glycerine** بے رنگ و بو مائع ہے جو جلد کی دیکھ بھال کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ گلیسرین پودوں یا جانوروں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ خنزیر اور مردار جانوروں سے حاصل شدہ گلیسرین حرام ہے۔

یہ پانچ حرام اور مشبوہ مادے تھے جو کاسمیٹکس میں پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ خنزیر اور مردار جانوروں سے حاصل شدہ کیسین/**casein**، اولیک ایسڈ/**oleic acid**، لارک ایسڈ/ **lauric acid** اور جیلاٹین وغیرہ بھی حرام ہیں۔ بہت سی مصنوعات کے اوپر مادے کے اصل ذرائع کو درج نہیں کیا جاتا اور قوی امکان ہے کہ کاسمیٹکس کی تیاری میں اجزاء کو حرام اور مردار جانوروں سے اخذ کیا جا سکتا ہے، جبکہ حلال اشیاء بھی حرام اور نجس اشیاء سے آلودہ ہو سکتی ہیں۔ اس لئے کسی بھی پروڈکٹ کی مکمل تحقیق کریں اگر حلال ہے تو استعمال کریں ورنہ سختی سے گریز کریں۔
کاسمیٹکس میں استعمال ہونے والے اجزاء کی فہرست مندرجہ ذیل ہے: (صفحہ دیکھیں)

ضروری نوٹ

مسلمان متوجہ ہوں!!!

۱۔ برطانیہ میں کچھ مچھلی اور چپس کی دکانیں روایتی انداز میں سور سے اخذ کردہ **lard** کے تیل میں کھانے بناتی ہیں، خصوصاً **Harry Ramsden's** اس کے علاوہ آئس کریم کے کچھ کارخانہ دار آئس کریم میں بطور ذائقہ ونیلا اور شراب کے ذائقوں/ الکحل کو شامل کر کے آئسکریم کی مصنوعات کو بناتے ہیں، مثلاً بریئر آئس کریم آف گڈ ہیمر کمپنی۔
۲۔ بہت سارے مشہور امریکی کھانے سور کے گوشت کے ساتھ تیار کئے جاتے ہیں: مثلاً ساسیج **sausage**، ہاٹ ڈاگ **hot dog**، بیکڈ بینز، **potato salad**، پیپرونی کے ساتھ پیزا، جیلی بینز، مارش میلوز اور جیلاٹین پر مشتمل کھانے، ہام **ham** سے پکایا گیا کھانا، اور **lard** لارڈ جبکہ پاستا، ونیلا، آئسکریم کے ونیلا فلیور، ماؤتھ واش اور ٹوتھ پیسٹ وغیرہ میں الکحل اور شراب ملائی جاتی ہے۔
۳۔ اس کے علاوہ بیرون ملک فروخت ہونے والے **Fritolay** کمپنی کے امپورٹڈ چپس ڈوریٹوس اور چیٹوز وغیرہ مندرجہ ذیل وجوہات کی بناء پر حلال نہیں ہیں۔
1۔ ان کے استعمال کردہ اجزا حلال تصدیق شدہ نہیں ہیں۔
2۔ مصنوعات اسی لائن پر بنی ہیں جہاں جانوروں سے حاصل کردہ اجزاء (جن میں سور کا گوشت بھی شامل ہے) پر مشتمل مصنوعات تیار کی جاتی ہیں۔
3۔ ڈوریٹوس اور چیٹوز مصنوعات میں استعمال ہونے والے دودھ کے اجزاء اور پنیر حلال تصدیق شدہ نہیں ہیں۔ لہٰذا ڈوریٹوس اور چیٹوس

مصنوعات حلال ڈیری اجزاء اور حلال پنیر کے ساتھ نہیں بنی ہیں۔

4۔ قدرتی اور مصنوعی ذائقے استعمال کیے جاتے ہیں وہ حلال سند یافتہ نہیں ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ ان ذائقوں میں محلول کے طور پر جانوروں سے حاصل کردہ اجزاء اور شراب/ الکحل موجود ہو۔

5۔ مصنوعی مائع رنگ حلال سند یافتہ نہیں ہیں (سور کی چربی اور حرام گلیسرین وغیرہ FD&C مائع رنگوں میں بطور محلول استعمال کی جاسکتی ہے)۔

ڈوریٹوس اور چیٹوز مصنوعات حلال تصدیق شدہ نہیں ہیں، قصہ مختصر مسلم صارفین کے لئے کوئی تحفظ نہیں ہے۔ اجزاء کا منبع کسی بھی وقت مسلمان صارفین کو بتائے بغیر تبدیل ہوسکتا ہے۔ مسلم کنزیومر گروپ مذکورہ حقائق کی بناء پر مسلمانوں کو ڈوریٹوس اور چیٹوز مصنوعات استعمال نہ کرنے کی پرزور اپیل کرتا ہے۔

مسلمانوں کو بہت احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ بہت سی کمپنیاں برملا اس بات کا اعتراف کرتی ہیں کہ وہ اپنی مصنوعات میں خنزیر/شراب و الکحل وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔ یہ کمپنیاں اپنی مصنوعات میں خالص حرام اشیاء استعمال کرتی ہیں۔ ان کمپنیوں کو حرام (halal-non) ہونے کے سرٹیفکیٹ جاری کیے گئے ہیں جن کی لسٹ مندرجہ ذیل ہے۔ (صفحہ دیکھیں) مزید تفصیلات کے لیے nonhalal.com.au اور دیگر ویب سائٹس وزٹ کریں۔

حلال اور کوشر

بیرونِ ملک میں مقیم کچھ لوگ حلال اور کوشر کو ایک جیسا سمجھتے ہیں جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔

حلال اور کوشر میں فرق

کوشر عبرانی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے "مناسب" جبکہ حلال عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے "قابلِ اجازت"۔ دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

ا۔ اسلام میں تمام نشہ آور اشیاء حرام ہیں جبکہ یہودیوں کے نزدیک خمر یعنی خالص شراب بھی کوشر ہے اگر کسی ربی کی سرپرستی میں تیار کی گئی ہو۔ لیکن مسلمانوں کیلئے کوشر کا نشان شراب کو حلال نہیں کرسکتا۔

۲۔ ہر قسم کی جیلاٹین یہودیوں کے نزدیک کوشر ہے جبکہ مسلمانوں کے نزدیک خنزیر اور مردار جانور سے حاصل شدہ جیلاٹین حلال نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض پراڈکٹس مثلاً مارش میلو، ڈبہ بند دہی، کیپسول اور وٹامن ای کے سپلیمنٹس حلال نہیں ہیں اگرچہ ان پر کوشر کا نشان درج کیا گیا ہو۔

۳۔ یہودی پنیر وغیرہ کی تیاری کیلئے ہر قسم کے Enzymes کو کوشر کہتے ہیں جبکہ مسلمانوں کے نزدیک خنزیر اور مردار جانور سے حاصل

کیا گیا **enzyme** حرام ہے۔

۴۔ یہودی قانون کھانے کی تیاری میں سور کے بالوں سے بنے برش کو استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے جبکہ مسلمانوں کے نزدیک یہ برش حرام ہے۔

۵۔ یہودی سور کی کھال استعمال کرتے ہیں جبکہ مسلمانوں کے نزدیک یہ حرام ہے۔

۶۔ مسلمان حلال ذبح شدہ جانور کے تمام جائز حصوں کو استعمال کرتے ہیں جبکہ یہودی جانور کا پچھلا حصہ استعمال نہیں کر سکتے۔

۷۔ یہودی ذبح کے دن صرف پہلے جانور پر دعا پڑھ کر سارے جانور ذبح کر دیتے ہیں پھر اسے کوشر گوشت کہتے ہیں جبکہ مسلمان ہر جانور کو اللہ تبارک وتعالیٰ کا مبارک نام لے کر ذبح کرتے ہیں۔

حرام ملازمتوں/کاموں کی فہرست

۱۔ کسی بھی محکمے میں ربا پر مبنی BFSI (بینکاری، مالیاتی خدمات اور انشورنس) کے شعبے میں کام کرنا۔

۲۔ میڈیا تنظیموں میں کام کرنا جہاں حرام مواد اور اشتہارات ہوں۔

۳۔ الکحل کمپنیوں/بریوریز میں کام کرنا۔

۴۔ 5-اسٹار ریستورانوں کا ویٹر جہاں اسے شراب پیش کرنی پڑے۔

۵۔ شیف جس کو کھانے بناتے ہوئے سور کا گوشت یا شراب شامل کرنی پڑے۔

۶۔ ایک HR منیجر جس کو پے رول مینجمنٹ کرنا پڑتی ہے کیونکہ اس میں ایمپلائی پروویڈنٹ فنڈ (ای پی ایف) اور ملازموں کی انشورنس اسکیموں کی شکل میں ربا پر مبنی لین دین کا لکھنا اور گواہ بننا شامل ہے۔

۷۔ کوئی بھی ایسا کام جس میں غیر محرم مرد و عورت کا اختلاط ہو۔

۸۔ گلوکار، اداکار، رقاص، موسیقار، حرام موویز کا ڈائریکٹر اور پروڈیوسر۔

۹۔ مارکیٹنگ پروفیشنل (جو حرام مصنوعات/سروسز کی مارکیٹنگ کرے) (اور حلال سامان/سروسز کی مارکیٹنگ میں صارفین کو راغب کرنے کے لئے مستقل بنیاد پر جھوٹ بولے)۔

۱۰۔ رشوت اور سود لینے والا شخص۔

۱۱۔ آئی ٹی کا ماہر جو حرام کمپنیوں کے لئے سافٹ ویئر/ویب سائٹ/ڈیٹا بیس تیار کرے۔ مثلاً بینک، میڈیا/میوزک کمپنیاں، فحاشی کے اڈے، شراب خانے، مندر اور گرجا گھر وغیرہ۔ مزید برآں Animator کا حرام تشہیری مواد اور موویز کے لیے حرام animations بنانا۔

۱۲۔ فوٹوگرافر/ویڈیوگرافر کا حرام تصاویر بنانا اور پرنٹنگ پریس میں خواتین، بتوں اور دیگر جانداروں کی تصاویر پرنٹ کرنا۔ سوائے مجبوری کی حالت کے یعنی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے لیے تصویر بنانے کی اجازت موجود ہے۔

۱۳۔ عورتوں کے ایسے کپڑے بیچنا جس سے شرعی ستر نہ چھپ سکے۔ اس کے علاوہ کپڑوں پر تصویریں چھاپنا۔

۱۴۔ مجسمے اور بت فروخت کرنا۔

۱۵۔ فحش اور حرام مواد پر مشتمل رسالے، کتابیں، اداکاروں وادا کاراؤں کے پوسٹر اور دیگر حرام مواد کا بیچنا۔

۱۶۔ سول انجینئر/معمار جو بینکوں، جوئے خانوں، اور شراب خانوں کے بنانے میں مدد کرے۔

۱۷۔ ہالی وڈ/بالی وڈ اور دیگر حرام موویز اور میوزک کی سی ڈیز فروخت کرنا۔

۱۸۔ ویڈیو گیمز فروخت کرنا (تمام ویڈیو گیمز میں میوزک ہوتا ہے، کچھ میں بے حیائی اور تشدد پر مبنی مناظر ہوتے ہیں)۔

۱۹۔ میوزک پلیئرز اور میوزک سسٹم بیچنا (جہاں اچھی طرح معلوم ہو کہ صارف حرام میوزک سننے کے لئے استعمال کرے گا)۔

۲۰۔ ڈش/ٹی وی کے سیٹ فروخت کرنا جہاں معلوم ہوں کہ سارے چینلز حرام ہوں گے۔

۲۱۔ ویب ہوسٹنگ سروس چلاتے ہوئے ہر ایرے غیرے کو خدمات فراہم کرتے ہوئے حرام مواد کو اپنے سرور پر ہوسٹ کرنا۔

۲۲۔ گوگل ایڈسینس/یوٹیوب چینل اور ویب سائٹ پر اشتہارات لگا کر کمائی کرنا جہاں قطعی حرام اشتہارات کی نمائش ہوتی ہے۔

۲۳۔ ڈراپ شپنگ کرنا جس میں اپنی ویب سائٹ پر فرضی تصویریں لگا کر وہ مال بیچا جاتا ہے جس کے آپ مالک نہیں ہوتے۔ یہ شریعت کی رو سے ناجائز ہے۔

۲۴۔ آن لائن Affiliate Marketing کرتے ہوئے حرام مواد اور حرام پراڈکٹس کی تشہیر اور کمیشن حاصل کرنا۔

۲۵۔ مرد ڈاکٹر کا خواتین مریضوں اور خاتون ڈاکٹر کا مرد مریضوں کا علاج کرنا، جبکہ شدید ضرورت اور مجبوری کی صورت نہ ہو۔

۲۶۔ مرد ڈاکٹر کا ماہر امراضِ نسواں Gynecologist یا قبالت دان Obstetrician بننا۔

۲۷۔ انسان کے بنائے ہوئے غیر شرعی قوانین کی تعلیم دینا۔

۲۸۔ کسی ایسے ملک کی فوج میں جانا جو بیگناہ مسلمانوں اور لوگوں کو ہلاک کرے مثلاً انڈیا، امریکہ اور اسرائیل وغیرہ۔

حلال کھائیں اور کھلائیں!!!

۱۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ جو مصنوعات خریدتے ہیں ان کے لیبل پر اجزائے ترکیبی درج کیے گئے ہوں۔ اگر کسی پروڈکٹ کے اوپر اجزائے ترکیبی درج نہ ہوں تو اسے نہ خریدیں۔

۲۔ ہمیشہ اجزاء کی جانچ کریں۔ اگر حرام اور مشبوہ اجزاء کو کسی پروڈکٹ میں پائیں، تو اسے مت خریدیں۔ اس مقصد کے لیے آپ حلال/حرام کی حالیہ اپ ٹو ڈیٹ فہرستیں اور App Scan Halal نامی ایپ استعمال کر سکتے ہیں۔

۳۔ سپر مارکیٹ سے گوشت کا کوئی سامان نہ خریدیں۔ حلال گوشت کی معتبر دکان سے اپنا سارا گوشت خریدنے کی کوشش کریں۔ کیونکہ اکثر و بیشتر مذبح خانوں میں جانوروں کو بغیر قبلہ رخ کیے اور تکبیر "بسم اللہ واللہ اکبر" پڑھے بغیر، گالیاں دیتے ہوئے اور گانے سنتے ہوئے جانور کا منکا (گردن) توڑ کر اسے کھڑے کھڑے قتل کر دیتے ہیں پھر حرام مغز کو بھی فوراً مکمل کاٹ دیتے ہیں جس کی وجہ سے کافی خون جسم کے اندر ہی رہ جاتا ہے۔ کبھی کبھار مردہ جانور کا گوشت فروخت کر دیتے ہیں جبکہ بیمار جانوروں کا گوشت فروخت کرنا تو ایک معمولی بات ہے۔ اس کے علاوہ بعض مرغی والے (تکہ شاپس وغیرہ پر سپلائی کرنے کیلیے) مرغی کو ذبح کرتے ہی گرم پانی میں ڈال دیتے ہیں جس کی وجہ سے مرغی کا سارا گوشت ناپاک ہو جاتا ہے۔ اس لیے مستند اور معتبر دکاندار سے گوشت خریدیں یا خود ذبح کیا کریں۔

۴۔ فاسٹ فوڈز کے ریستوران جیسے میک ڈونلڈز، کے ایف سی، سب وے، برگر کنگ، پیزا ہٹ اور K&Ns وغیرہ سے پرہیز کریں۔ ہوسکتا ہے ان کی کچھ مصنوعات ٹھیک ہوں، لیکن بہتر ہے کہ آپ ان سے دور رہ کر اپنا ایمان بچائیں۔

۵۔ درج ذیل مصنوعات خریدنے میں خاص طور پر محتاط رہیں: آئسکریم خصوصاً و نیلا فلیور، پنیر، پیزا، چپس، کیک بسکٹ پیسٹریاں، چاکلیٹ، فرنچ فرائز اور ہیش براؤن (خصوصاً میک ڈونلڈ کے)، جوس/مشروبات، سوپ (گوشت پر مشتمل)، چٹنیاں، جام، جیلی، مارجرین، ڈبہ بند دہی، کیپسول، وٹامن ای اور باڈی بلڈنگ کے سپلیمنٹس (خصوصاً optimum nutrition کمپنی کے)؛ ہر وہ چیز جس میں جیلاٹین ہو، ماؤتھ واش، ٹوتھ پیسٹ اور ڈیری کی وہ مصنوعات جن میں جانوروں کے enzymes استعمال کیے گئے ہوں، غذائی رنگ اور ذائقے، غیر ملکی لپ-اسٹک/کاسمیٹکس وغیرہ۔

۶۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کے فتویٰ کی روشنی میں تمام مسلمانوں سے گزارش ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے دشمنوں بالخصوص قادیانیوں کا مکمل بائیکاٹ کریں۔ قادیانیوں کی مصنوعات مندرجہ ذیل ہیں: شیزان، مشموم، شاہنواز ملز لمیٹڈ، ذائقہ/پرل/کنگ بناسپتی گھی

اورآئل،CanOlive Oil، پنجاب آئل ملز، شان آٹا، Speed انرجی ڈرنکس اور جوس ثمر قند شربت، سنگم دودھ، رحمان کون مہندی، بیٹا/ٹربو پائپ، تھرمو پلاسٹک، راجہ سوپ، OCS کوریئر سروس، کلفٹن شوز، سونی سائیکل انڈسٹری، رومی ٹریولرز، Silver Spoon ریسٹورنٹ، شاہ تاج/Combined / ماسٹر ٹیکسٹائل ملز، Idris Pharmaceuticals، وارسن/lexo / کیوریٹو/F.B ہومیو کمپنیاں، خورشید یونانی دواخانہ، مطب حمید، قائداعظم لاء کالجز وغیرہ

حرام مصنوعات سے بچاؤ کا حل

۱۔ ایک حلال تصدیقاتی ادارہ بنایا جائے جو تمام فقہی مذاہب کی نمائندگی کرتا ہو۔ ادارے کے دفتر میں مندرجہ ذیل افراد ہونے چاہیے: غذائی ٹیکنالوجی کا ماہر، کیمسٹ، جانوروں کا ڈاکٹر اور ایک معتبر مفتی۔ ادارہ تحریری اور نافذ شدہ فیکٹری آڈٹ، اجزائے ترکیبی کی تفتیش اور آزادانہ طور پر فتوی جاری کرسکتا ہو۔

۲۔ موجودہ حلال تصدیقاتی اداروں کو فعال بنایا جائے اور ان کی تحقیقات کو ہر پلیٹ فارم پر شائع کیا جائے۔

۳۔ مقامی مسلم صارفین کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے ورکشاپس، سیمینارز اور پرنٹ والیکٹرانک میڈیا وغیرہ کے ذریعے عوام میں حلال و حرام کے بارے میں شعور اجاگر کیا جائے۔

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿اجزائے ترکیبی کے حلال یا حرام ہونے کو معلوم کرنے کے بنیادی اصول﴾

مفتی محمد احسن ظفر۔ ڈائریکٹر SANHA PAKISTAN

حلال سرٹیفکیشن میں ایک اہم ترین مرحلہ، اجزائے ترکیبی کی جانچ پڑتال کا ہے یعنی اس بات کو پرکھنا کہ جس شے کی حلال سرٹیفکیشن کی جارہی ہے، آیا اس کی تیاری میں استعمال ہونے والے تمام اجزائے ترکیبی حلال ہیں یا نہیں؟ کیونکہ کسی چیز میں استعمال ہونے والے اجزائے ترکیبی میں سے اگر ایک جزو بھی حرام یا مشبوہ ہو تو اس کی حلال سرٹیفکیشن نہ صرف ناقص اور نامکمل ہے بلکہ اسے سرٹیفکیشن کی اصطلاح میں fundamental non-conformance شمار کیا جائے گا، کہ اس کمی کو دور کئے بغیر اس پروڈکٹ کی سرٹیفکیشن کسی حال میں ہو ہی نہیں سکتی۔ سرٹیفکیشن کے عمل میں جو افراد اجزائے ترکیبی کی جانچ پڑتال کے ذمہ دار ہیں، یہ ان کی بنیادی دینی اور پیشہ وارانہ ذمہ داری ہے کہ اجزائے ترکیبی کے ماخذ کی مکمل تحقیق کریں۔ لہذا وہ افراد جو مختلف اداروں میں نئی پروڈکٹس کی تحقیق Research & Development، اجزائے ترکیبی کی خریداری، حلال سرٹیفکیشن کے Internal Auditors یا کسی حلال سرٹیفکیشن باڈی میں Evaluation Department سے منسلک ہوں، ان کی ابتدائی آگاہی کے لئے اجزائے ترکیبی کے حلال یا حرام ہونے کو معلوم کرنے کے حوالے سے یہ بنیادی اصول لکھے جارہے ہیں۔

سب سے پہلے اجزائے ترکیبی کی حلال ایویلیوایشن (Evaluation) کے چند مراحل بیان کئے جائیں گے۔ پھر نقشہ کی مدد سے اجزائے ترکیبی کے بارے میں چند بنیادی شرعی ضوابط بیان کئے جائیں گے، تاکہ ان ضوابط کی روشنی میں اجزائے ترکیبی کو آسانی سے پرکھا جاسکے۔

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

اجزائے ترکیبی کی ماہیت کا تعین:

اجزائے ترکیبی کو پرکھنے کے لئے سب سے اہم اور ضروری چیز یہ ہے کہ اس بات کا تعین کیا جائے کہ ان کی اصل حقیقت اور ماہیت کیا ہے؟ کیونکہ جب تک کسی چیز کی ماہیت ہی صحیح طور سے معلوم نہیں ہوگی تو اس کی جانچ پڑتال، اور اس کے حلال یا حرام ہونے کا فیصلہ درست طریقہ سے کیسے ممکن ہے؟ مثلاً جیلاٹین کی حلال ایویلویشن (Evaluation) کرنی ہے تو یہ صحیح طور پر معلوم ہونا چاہئے کہ جیلاٹین ہے کیا؟ اس کے کیا کیا ماخذ ہیں، اس کی تیاری میں کون کون سے اجزاء استعمال ہوتے ہیں، اور ان کے کیا کیا مراحل ہیں؟

اس سلسلے میں غذائی اور کیمیائی ماہرین سے مدد لینا اشد ضروری ہے۔

پہلا مرحلہ:

حلال ایویلویشن (Evaluation) میں سب سے پہلا عمل یہ ہے کہ اس بات کی تحقیق کی جائے کہ یہ مادہ جس کی ایویلویشن کی جارہی ہے یہ مفرد ہے یا مرکب؟ یعنی یہ مادہ ایک ہی شے ہے یا کئی اشیاء کا مجموعہ ہے۔ بعض ایسے فلیورز بھی ہیں جو بظاہر دیکھنے میں تو ایک مادہ معلوم ہوتے ہیں لیکن جب ان کو پرکھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک فلیور، ۱۲۵ سے زائد مادوں سے مل کر بنا ہے۔ اب حلال ایویلویشن میں ان ۱۲۵ مادوں کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔

دوسرا مرحلہ:

دوسرا عمل یہ ہے کہ اس بات کو پرکھا جائے کہ اس شے یا اس میں استعمال ہونے والے مادوں کا ماخذ (Source) کیا ہے؟ جسے traceability بھی کہا جاتا ہے کہ آیا اس مادہ کا ماخذ نباتات ہیں، جمادات ہیں یا حیوانات۔ حلال ایویلویشن کے لئے ماخذ کا جاننا انتہائی ضروری ہے، کیونکہ شرعی حکم کا دارومدار اس مادہ کے ماخذ پر ہے۔ کبھی تو ایک مادہ کا ایک ہی ماخذ ہوگا اور کبھی ایسا بھی ہوگا کہ اس مادہ کے ممکنہ طور پر ایک سے زائد ماخذ ہوں کہ اس مادے کا حصول نباتات سے بھی ممکن ہو اور حیوانات سے بھی۔ یا پھر تین ماخذ بھی ہوسکتے ہیں۔ مثلاً گلیسرین، نباتات سے بھی حاصل ہوسکتی ہے اور معدنیات یا حیوانات سے بھی۔ لہذا اس بات کو یقینی طور پر جاننا ضروری ہے کہ اس مادہ کا ماخذ کیا ہے۔

Punjab Office: House# 248, Block A, PCSIR Housing Society, Phase 2, Lahore, Pakistan. Tel: +: +92 (0) 42 3531 1242 E-mail: lahore@sanha.org.pk
HALAL Helpline: E-mail: helpline@sanha.org.pk

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

تیسرا مرحلہ:

جب ان اجزائے ترکیبی کا ماخذ بھی معلوم ہو گیا تو اب اس بات کو بھی پرکھا جائے کہ ان اجزائے ترکیبی کی تیاری میں کیا کیا مراحل پیش آئے ہیں، اور ان مراحل کے دوران کون کون سے Processing aids استعمال ہوئے ہیں۔ مثلاً چینی کی تیاری میں بعض ایسے Processing aids بھی استعمال ہوتے ہیں جن کا ماخذ حلال نہیں ہے۔ اسی طرح کسی چیز کی تیاری میں اگر کوئی غیر فعال (Inactive) اجزائے ترکیبی استعمال ہوئے ہیں تو ان کو پرکھنا بھی اسی طرح لازمی ہے جس طرح فعال اجزائے ترکیبی کو جانچنا ہے۔ لہٰذا اجزائے ترکیبی کی حلال ایویلیوایشن (Evaluation) میں اس بات کا بھی خاص طور پر اہتمام کیا جائے کہ ان اجزائے ترکیبی کے بنانے والوں کی بھی مکمل معلومات حاصل کی جائیں اور اس بات کی واضح طور پر نشاندہی کی جائے کہ جس شے کو حلال قرار دیا گیا ہے وہ کس ادارے کے کس کارخانے سے تیار ہوئی ہے۔ ایسا کئی بار ہوتا ہے کہ ایک ہی ادارہ، ایک ہی پروڈکٹ، اپنے مختلف کارخانوں میں بنا رہا ہوتا ہے، لیکن ایک کارخانے کی پروڈکٹ حلال ہوتی ہے اور دوسرے کی حلال نہیں ہوتی۔

چوتھا مرحلہ:

جب اس مادہ کا ماخذ متعین ہو جائے، تو اسی کے مطابق اس پر شرعی حکم کا اطلاق ہوگا کہ یہ حلال ہے یا نہیں؟ لہٰذا اگر ماخذ معلوم کرنے میں غلطی ہو گئی تو شرعی حکم کا اطلاق بھی درست طور پر نہ ہو سکے گا۔

حلت و حرمت سے متعلق بنیادی شرعی ضابطہ:

غذاؤں کے حلال یا حرام ہونے کے بارے میں بنیادی ضابطہ یہ ہے کہ شرعاً کسی چیز کی حرمت کی علت یا وجوہات چار ہیں:

۱۔ نجاست ۲۔ مضرت ۳۔ نشہ ۴۔ استخباث

اب جب ہمیں اس مادہ کا ماخذ معلوم ہو جائے گا تو سب سے پہلے ہم یہ دیکھیں گے کہ:

۱۔ آیا یہ پاک ہے یا ناپاک۔ اگر ناپاک ہوا تو حرام شمار کیا جائے گا۔

۲۔ اگر پاک ہے تو پھر یہ دیکھا جائے گا کہ یہ مادہ صحت کے لئے مضر تو نہیں؟ اگر مضر ہو گا تو حرام شمار کیا جائے گا۔

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5264
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

۳۔ اگر پاک بھی ہے، بظاہر مضر بھی نہیں تو اب یہ دیکھا جائے گا کہ یہ مادہ نشہ آور تو نہیں؟ اگر نشہ آور ہوا تو حرام شمار کیا جائے گا۔

۴۔ اگر پاک بھی ہے، مضر بھی نہیں، نشہ آور بھی نہیں، تو اب دیکھا جائے گا کہ اس مادہ میں استخباث تو نہیں؟ اگر استخباث ہے تو حرام شمار کیا جائے گا۔

۵۔ البتہ ایک مادہ اگر ایسا ہو کہ وہ پاک بھی ہے، مضر بھی نہیں، نشہ آور بھی نہیں اور اس میں استخباث بھی نہیں تو یہ مادہ حلال شمار کیا جائے گا۔

اہم ضابطہ:

مذکورہ بالا تفصیل سے یہ بات بھی واضح ہوئی کہ طہارت و نجاست الگ چیز ہے اور حلت و حرمت الگ چیز۔ نجس ہونا، حرام ہونے کی صرف ایک وجہ ہے۔ لہذا یہ نہیں کہا جاسکتا کہ یہ چیز پاک ہے تو لازمی طور پر حلال بھی ہوگی۔ ہو سکتا ہے کہ ایک چیز پاک ہو، لیکن اگر وہ مضر صحت ہے، تو اسے حرام شمار کیا جائے گا، جیسے مٹی۔ اسی طرح ایک چیز پاک تو ہے لیکن نشہ آور ہے، تو بھی اسے حرام شمار کیا جائے گا۔

غذاؤں کے بنیادی ذرائع کی شرعی حیثیت:

جیسا کہ بیان ہوا، اجزائے ترکیبی کے بنیادی ماخذ تین ہیں؛ (۱)۔۔نباتات (۲)۔۔معدنیات یا جمادات (۳)۔۔حیوانات

ذیل میں ان تینوں بنیادی ممکنہ ذرائع (Sources) کی شرعی حیثیت کو نقشہ کی شکل میں بیان کیا گیا ہے تاکہ مادہ کا ماخذ معلوم ہونے کے بعد ان ضوابط کی روشنی میں ان کے حلال یا حرام ہونے کو آسانی سے پرکھا جاسکے۔

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5264
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

نباتات

مثلاً انگور، گندم، زعفران وغیرہ

نباتات سب پاک اور حلال ہیں سوائے دو صورتوں کے

۱۔ یہ اشیاء مضر ہوں
مثلاً افیون، بلاذر وغیرہ کا کھانا اگر مضر ہو تو حرام ہے

اگر مضر چیز کا نقصان کسی طرح جاتا رہے تو ممانعت بھی نہ رہے گی

۲۔ یہ اشیاء نشہ آور ہوں
مثلاً خمر (انگور کی شراب)، افیون، کوکین وغیرہ حرام ہیں

نشہ آور اشیاء بنیادی طور پر دو قسم کی ہیں

۱۔ خشک
مثلاً افیون وغیرہ

خشک نشہ آور اشیاء کا استعمال دو طرح سے ہے

(۱) خارجی استعمال
جو چیزیں خشک ہیں، وہ سب پاک ہیں اور خارجی استعمال ان سب کا جائز ہے

(۲) کھانے کے طور پر استعمال

(۱) بلا ضرورت، صرف لہو ولعب کے لئے کھانا
خشک نباتات کا کم مقدار (جس سے نشہ طاری نہ ہو) میں استعمال، اگر لہو ولعب (بلا کسی غرض معتد بہ) کے ارادے سے ہو تو حرام ہے

(۲) دوا کے طور پر کھانا

اتنی مقدار جس سے نشہ طاری نہ ہو
جائز ہے۔

اتنی مقدار جس سے نشہ طاری ہو جائے
ہرگز جائز نہیں
اس پر تداوی بالمحرم کے احکام جاری ہوں گے

۲۔ سیال (مائع)
مثلاً خمر (انگور کی شراب)، الکحل وغیرہ

مائع مسکرات (نشہ آور اشیاء) کی دو قسمیں ہیں

۱۔ قطعی حرام اور نجس العین شرابیں
(ان کا پینا بھی حرام ہے اور اگر جسم پر لگے تو وہ حصہ بھی ناپاک ہو جائے گا)

قطعی حرام اور نجس شرابیں چار ہیں

(۱)۔ خمر ؛ (انگور کی کچی شراب)
(۲)۔ الطلاء ؛ (انگور کی پکی شراب)
(۳)۔ نقیع التمر ؛ (کھجور کی شراب)
(۴)۔ نقیع الزبیب (منقیٰ کی شراب)

۲۔ قطعی حرام کے علاوہ دیگر عام شرابیں

حلت و حرمت

صنعتی مقاصد کے لئے استعمال، اتنی مقدار جس سے نشہ طاری نہ ہو
جائز ہے

اتنی مقدار جس سے نشہ طاری ہو جائے
حرام

طہارت و نجاست

خمر، الطلاء، نقیع التمر اور نقیع الزبیب کے علاوہ دیگر تمام شرابیں اور ان سے حاصل ہونے والی الکحل پاک ہیں، ان کا خارجی استعمال اور ان کی خرید و فروخت جائز ہے۔

جمادات

مثلاً مٹی، نمک، لوہا، سونا، چاندی وغیرہ

جمادات سب پاک اور حلال ہیں سوائے دو صورتوں کے

۱۔ یہ اشیاء مضر ہوں
مثلاً مٹی وغیرہ کا کھانا اگر مضر ہو تو حرام ہے

اگر مضر چیز کا نقصان کسی طرح جاتا رہے تو ممانعت بھی نہ رہے گی۔ اسی وجہ سے مٹی کا کھانا اگر مضر نہ ہو تو جائز ہے

۲۔ یہ اشیاء نشہ آور ہوں

جمادات کے نشہ آور ہونے کی صورت میں وہی تفصیل ہے جو کہ نباتات کے ذیل میں تحریر کی گئی ہے۔

مشبوہ اجزاء کی فہرست

Code	Name	Alternative Name	Function	Status	Source	Health Info	Uses	Other Uses
E1405	Enzyme Treated Starch	N/A		Mushbooh	check souce of enzyme.			
E1423	Acetylated Distarch Glycerol	N/A		Mushbooh	from starch and glycerine. Check source of glycerine.			
E1430	Distarch Glycerine	N/A		Mushbooh	from starch and glycerine. Check source of glycerine.			
E1441	Hydroxy Propyl Distarch Glycerine	N/A		Mushbooh	from starch and glycerine. Check source of glycerine.			
E1443	Hydroxy Propyl Starch Glycerol	N/A		Mushbooh	from starch and glycerine. Check source of glycerine.			
E1510	Ethanol	Ethyl Alcohol; Alcohol; absolute alcohol	Solvent, Antibacterial	Mushbooh	fermentation of starch, sugar, & carbohydrates; Chemical synthesis. Synthetic product is accepted as a carrier in quantities less than 0.5%	Health Code: Red, Endocrine, cardiovascular, liver and neurotoxicity, dry skin, contact dermatitis, irritation	Toothpaste, mouthwash, nail polish, hair spray, perfume	Laundry detergent, cigarettes

Code	Name	Alternative Name	Function	Status	Source	Health Info	Uses	Other Uses
E1517	Glyceryl Diacetate	Diacetin; glycerol diacetate.		Mushbooh	Diacetic ester of glycerol. Check source of glycerol.			
E1518	Glyceryl Triacetate	Triacetin; triacetyl gycerine; Enzactin; Fungacetin; Vanay; acetin.	Solvent	Mushbooh	Triacetin; triacetyl gycerine; Enzactin; Fungacetin; Vanay; acetin.	Health Code: Green, safe in food use, high dose injections fatal to rats	Coating for vegetables and fruits	Hair dye, toothpaste, cigarette filters, perfumery
E153	Carbon Black	Vegetable Carbon; Activated Charcoal; Carbon Amorphous; Pigment Black 6; CI 77266.	Colouring	Mushbooh	Animal or vegetable charred material.	Health Code: Yellow, Mildly toxic by ingestion, skin contact and inhalation, may be carcinogenic	Concentrated fruit juice, jams, jelly beans, liquorice, confectionery	Cosmetics
E161(g)	Canthaxanthin	4,4-dioxo-beta-carotene; Food Orange 8; C.I. 40850; carophyll red; orobronze; roxanthin red 10; caroteben plus.	Colouring	Mushbooh	mushrooms; crustacea; fish; flamingo feathers.	Health Code: Yellow, Loss of night vision, skin discolouration, sensitivity to glare, recurrent hives, gold dust retinopathy	Fish fingers, ice cream, mallow biscuits, pickles, sauces, preserves	

Code	Name	Alternative Name	Function	Status	Source	Health Info	Uses	Other Uses
E252	Potassium Nitrate	Saltpetre; niter; saltpeter.	Preservative, Colour fixative	Mushbooh	natural mineral; manufactured from waste animal or vegetable material.	Health Code: Red, Asthma, kidney inflamation, behavioural problems, dizziness, headache, may form nitrosamines, not permitted in foods for babies under 6 months	Proscuito ham, cured processed meats	Tobacco, matches
E290	Carbon Dioxide	Carbonic acid gas; carbonic andydride.	Packaging gas, Preservative	Mushbooh	Fermentation (in production of alcohol); by-product of lime manufacture.	Health Code: Green, Probably safe in food use, may reduce fertility, teratogenic, neurotoxicity	Confectionery, carvonated beverage, gassed cream	Dry ice, stage fog or smoke effects
E334	L-(+)-Tartaric Acid	tartaric acid; l-tartaric acid.	Antioxidant, Food acid	Mushbooh	by-product of wine industry; also synthetic chemical	Health Code: Green, safe in food use at low levels, laxative effect from excess	Confectionery, jam, fruit jelly, fruit drink, baking powder, fruit juice, dried egg whites	Denture powder, hair rinses, nail bleaches, depilatories
E335	Sodium L-(+)-tartrate	monosodium L-(+)-tartrate; disodium L-(+)-tartrate.	Acidity Regulator, Sequestrant	Mushbooh	from tartaric acid (check source).	Health Code: Green, safe in food use	Cheese, artificially sweetened jelly, meat products	

Code	Name	Alternative Name	Function	Status	Source	Health Info	Uses	Other Uses
E336	Cream of Tartar	Potassium hydrogen tartrate; potassium acid tartrate; monopotassium L-(+)-tartrate; dipotassium L-(+)-tartrate.	Acidity Regulator, Stabiliser	Mushbooh	by-product of wine industry; also synthetic chemical.	Health Code: Yellow, Should be avoided by people with impaired kidney or liver function, high blood pressure, oedema or cardiac failure	See Tartaric acid E334	
E337	Potassium Sodium L-(+)-Tartrate	Sodium tartrate; potassium tartrate; sodium potassium tartrate; Rochelle salt.	Acidity Regulator, Stabiliser	Mushbooh	synthesised from tartaric acid (check source).	Health Code: Green, safe in food use, people with oedema, high blood pressure, cardiac failure, kidney or liver damage advised to avoid	Confectionery, jam, fruit jelly preserves, cheese, manufacture of baking powder	Silvering of mirrors, mouthwash, catharic in medicinal use
